# 10 دسواں اور سواں

4511CH10


آپ نے جو سب سے چھوٹی پنسل استعمال کی تھی اس کی لمبائی کتنی تھی؟



اس پنسل کی لمبائی کا اندازہ لگائیے ______ سینٹی میٹر میں

اب پیمانے (اسکیل) کا استعمال کر کے اس کی پیمائش معلوم کیجیے۔ آپ کا اندازہ کتنا درست ہے؟

ہم دیکھ سکتے ہیں کہ انجو نے ایک عدسہ (لینس) کا استعمال پنسل کو بڑا دکھائی دینے کے لیے کیا ہے۔








ہم ایک سینٹی میٹر کے دسویں حصے کو 0.1 سینٹی میٹر بھی کہتے ہیں۔ ہم اسے اس طرح پڑھتے ہیں 'صفر اعشاریہ ایک سینٹی میٹر'۔

اس لیے ایک ملی میٹر 0.1 سینٹی میٹر کے یکساں ہے۔



* اس پنسل کی لمبائی کیا ہے؟ __________ ملی میٹر میں۔
اس کی لمبائی سینٹی میٹر میں کتنی ہے؟

## مینڈک

کیا آپ نے مینڈک دیکھا ہے؟ کہاں دیکھا ہے؟ آپ نے کتنی قسم کے مینڈک دیکھے ہیں؟ کیا تمام مینڈکوں کی لمبائی ایک سی ہوتی ہے؟
یہاں دو دلچسپ مثالیں دی گئی ہیں۔

### سنہری مینڈک (Gold Frogs)

اس قسم کا مینڈک دنیا میں سب سے چھوٹے مینڈکوں میں سے ایک ہے۔ اس کی لمبائی صرف 0.9 سینٹی میٹر ہوتی ہے!
اندازہ لگائیے اس طرح کے کتنے مینڈک آپ کی چھوٹی انگلی پر بیٹھ سکتے ہیں!

### بُل (بڑا) مینڈک (Bull Frogs)

لیکن یہ سب سے بڑے مینڈکوں میں سے ایک ہے۔ اس کی لمبائی 30.5 سینٹی میٹر تک ہوتی ہے!








0.9 سینٹی میٹر کا کیا مطلب ہے؟ یہ ____ ملی میٹر کے برابر ہے۔ ہم اسے ایک سینٹی میٹر کا نواں — دسواں حصہ بھی کہہ سکتے ہیں۔ صحیح ہے؟

اس طرح 30.5 سینٹی میٹر برابر ہے ____ سینٹی میٹر اور ____ ملی میٹر کے۔

1 میٹر (اسکیل) پر کتنے بڑے مینڈک آ جائیں گے؟ ______

اگر وہ ایک سیدھی قطار میں بیٹھ جائیں تو 1 میٹر میں کتنے چھوٹے مینڈک آ جائیں گے؟ ______


## مشق کا وقفہ



1) کیل کی لمبائی ___ 2 سینٹی میٹر اور ___ ملی میٹر یا .2___ سینٹی میٹر ہوتی ہے۔

© NCERT not to be republished

2)



اس بھنڈی کی لمبائی ______ سینٹی میٹر اور ______ ملی میٹر ہے۔ ہم اسے ______ سینٹی میٹر بھی لکھ سکتے ہیں۔

3) اس صفحہ پر موجود (اسکیل) پیمانے کا استعمال کر کے موم بتی 1 اور موم بتی 3 کی لمبائی کا فرق معلوم کیجیے۔

| لمبائی | سینٹی میٹر اور ملی میٹر میں لمبائی | سینٹی میٹر میں لمبائی |
|---|---|---|
| موم بتی 1 | | |
| لو 1 | | |
| موم بتی 2 | | |
| لو 2 | | |
| موم بتی 3 | | |
| لو 3 | | |




## اندازہ لگایئے اور رنگ بھریے


بغیر پیمائش کیے ہوئے! پہلے راڈ (ڈنڈیوں) میں رنگ بھریے جیسا کہ دکھایا گیا ہے، پھر جانچ کیجیے۔

1 سینٹی میٹر سے چھوٹی ڈنڈی — لال

1 سینٹی میٹر اور 2 سینٹی میٹر کے درمیان کی ڈنڈی — نیلا

2 سینٹی میٹر اور 3 سینٹی میٹر کے درمیان کی ڈنڈی — ہرا

3 سینٹی میٹر اور 4 سینٹی میٹر کے درمیان کی ڈنڈی — نارنگی







© NCERT not to be republished

## اندازہ لگایے، تصاویر بنایے اور پیمائش کیجیے


ان اشیا کی تصاویر بنانے کے لیے ان کی لمبائی کا اندازہ لگایے۔ اپنے دوستوں سے کہیے کہ ویسی ہی اشیا بنائیں۔ ڈرائنگ بنانے کے بعد ان کی لمبائی ناپنے کے لیے آپ ایک پیمانے (اسکیل) کا استعمال کریں۔ کس کی ڈرائنگ اندازہ کو بہتر دکھایا ہے؟

| اس کی لمبائی کا اندازہ لگایے اور بنایے | اپنی ڈرائنگ کی پیمائش کیجیے | اپنے دوستوں کی ڈرائنگ کی پیمائش کیجیے |
|---|---|---|
| ایک چیونٹی جس کی لمبائی 1 سینٹی میٹر سے کم ہے | | |
| پنسل جس کی لمبائی تقریباً 7 سینٹی میٹر ہے | | |
| 11 سینٹی میٹر لمبا گلاس جس میں 5 سینٹی میٹر تک پانی بھرا ہو | | |
| ایک چوڑی جس کا احاطہ 20 سینٹی میٹر ہے | | |
| گھونگرالے بال جن کی لمبائی 16 سینٹی میٹر ہے | | |

## ہماری آنکھیں دھوکا کھا جاتی ہیں؟

کون سا خط زیادہ لمبا ہے؟ A یا B؟ ہر ایک خط کی پیمائش معلوم کیجیے اور اور لکھیے کہ اس کی لمبائی سینٹی میٹر میں کیا ہے۔ آپ کا اندازہ کتنا صحیح ہے؟












کون سا خط لمبا ہے؟ C یا D؟ ہر ایک خط کی پیمائش کیجیے۔ آپ کا اندازہ کتنا صحیح ہے؟

© NCERT not to be republished





## کس کی دُم سب سے لمبی ہے؟



اندازہ لگائیے کس کی دُم سب سے لمبی ہے۔ اب دُموں کی پیمائش کیجیے۔ آپ کا اندازہ کتنا صحیح ہے؟





## روپے کا سب سے لمبا نوٹ؟

100 روپے کے نوٹ کی لمبائی کیا ہے؟ اندازہ لگائیے۔ اب پیمانہ کی مدد سے اس کی پیمائش کیجیے۔

اب اور دوسری اشیا کی لمبائی اور چوڑائی کا اندازہ لگائیے پھر ان کی پیمائش کیجیے۔ اپنی پیمائش اور اپنے اندازے کے درمیان فرق معلوم کیجیے۔

| (ناپ) پیائش | آپ کا اندازہ سینٹی میٹر میں | | آپ کی پیائش سینٹی میٹر میں | |
|---|---|---|---|---|
| | لمبائی | چوڑائی | لمبائی | چوڑائی |
| 100 روپے کا نوٹ | | | | |
| 10 روپے کا نوٹ | | | | |
| 20 روپے کا نوٹ | | | | |
| 5 روپے کا نوٹ | | | | |
| پوسٹ کارڈ | | | | |
| ریاضی کا جادو کتاب | | | | |

## بازار میں









1) 1 ماچس کی قیمت کتنے پیسے ہے؟ ______________

2) 2.50 روپے سے کتنی ماچس خریدی جا سکتی ہیں؟ ______________

3) صابن کی قیمت کتنے روپے ہے؟ ______________

4) ارون ایک صابن خریدنا چاہتا تھا۔ اس کے پاس پانچ روپے کا ایک سکّہ، ایک روپے کے 2 سکّے اور پچاس پیسے کے 4 سکّے ہیں۔ اسے کتنی رقم واپس ملے گی اسے روپیوں میں لکھیے۔




5 a) ایک انڈے کی قیمت ڈھائی روپیے ہے۔ ڈیڑھ درجن انڈوں کی کیا قیمت ہوگی؟

b) کنان کتنے پین خرید سکتا ہے؟ کنان کے پاس کتنی رقم باقی بچی ہے؟




6) دو قلم کی قیمت ______________ روپے ہے ______________ کیا وہ دو قلم خرید سکتی ہے؟


© NCERT not to be republished

## مشق کا وقفہ — جوڑ ملایئے

ہر پیلے باکس کو ایک ہرے اور ایک گلابی باکس سے ملایئے۔

| | | |
|---|---|---|
| $\frac{1}{2}$ روپیہ | 5 پیسے | 0.75 روپیہ |
| $\frac{1}{10}$ روپیہ | 25 پیسے | 0.50 روپیہ |
| $\frac{5}{100}$ روپیہ | 99 پیسے | 0.05 روپیہ |
| $\frac{3}{4}$ روپیہ | 50 پیسے | 0.10 روپیہ |
| $\frac{99}{100}$ روپیہ | 75 پیسے | 0.25 روپیہ |
| $\frac{1}{4}$ روپیہ | 10 پیسے | 0.99 روپیہ |


## رنگ برنگے ڈیزائن




اس کاغذ کا کتنا حصّہ نیلا ہے؟______ $\frac{\quad}{10}$

کاغذ کا کتنا حصّہ ہرا ہے؟______

کون سا رنگ کاغذ کا 0.2 حصّہ ڈھکتا ہے؟




اب دوسرے کاغذ کو دیکھیے۔ ہر پٹی کو 10 برابر خانوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ کل ملا کر کتنے خانے ہیں؟



کیا ہر خانہ کاغذ کا $\frac{1}{100}$ حصہ ہے؟

وہاں کتنے نیلے خانے ہیں؟—

کیا نیلا حصہ کاغذ کا $\frac{10}{100}$ حصہ ہے؟ ہمیں معلوم ہے کہ نیلا حصہ بھی کاغذ کا $\frac{1}{10}$ حصہ ہے۔

ہم نے اسے کاغذ کا 0.1 حصہ لکھا ہے۔

$\frac{10}{100} = \frac{1}{10} = 0.10 = 0.1?$ کیا ہم کہہ سکتے ہیں

سوچیے: کیا ہم دس پیسے کو ایک روپیہ کا 0.1 لکھ سکتے ہیں؟

کتنے خانے لال ہیں؟ یہ کاغذ کا کون سا حصّہ ہے؟<u>15</u> ______

کیا ہم اسے کاغذ کا 0.15 حصہ لکھ سکتے ہیں؟

(اشارہ: یاد کیجیے ہم نے 99 پیسے کو 0.99 روپے لکھا تھا!)





اب کاغذ کا $\frac{3}{100}$ حصہ سیاہ ہے۔ ہم کہہ سکتے ہیں ______.0 کاغذ سیاہ ہے۔


کاغذ میں کتنے سفید خانے ہیں؟ دوسرے کاغذ کا کتنا حصہ سفید ہے؟

شیٹ میں کتنے سفید خانے ہیں؟ دوسرے کاغذ کا کتنا حصہ سفید ہے؟______

* اپنے ڈیزائن (خاکے) بنائیے۔



اس مربعے کے 0.45 حصے میں لال رنگ بھر کر خوبصورت خاکہ (ڈیزائن) بنائیے۔



چار رنگوں کا استعمال کیجیے۔ ہر رنگ کو اس مربعے کا 0.05 حصہ ڈھکنا چاہیے۔

## کھیل کا دن (Sports Day)

مالا پورم کے اسکول میں کھیل کا دن ہے۔ لمبی کود (چھلانگ) میں پہلے پانچ بچے ہیں:










اس لمبی کود کو (چھلانگ) کس نے جیتا ہے؟______



2019-20

اس اسٹینڈ پر I، II اور III جیتنے والوں کے نام لکھیے۔




کیا آپ کو یاد ہے کہ 1 میٹر = 100 سینٹی میٹر؟

اس لیے 1 سینٹی میٹر ایک میٹر کا $\frac{1}{100}$ واں حصہ ہے۔

ہم 1 سینٹی میٹر کو ______ میٹر بھی لکھ سکتے ہیں۔

## میٹر میں بدلیے

3 میٹر 45 سینٹی میٹر ______ میٹر

99 سینٹی میٹر ______ میٹر

1 میٹر اور 5 سینٹی میٹر ______ میٹر

## آپ کتنے بڑے ہو سکتے ہیں

(A



سانس چھوڑنے کے بعد 1.52 میٹر



لمبی سانس لینے کے بعد 1.82 میٹر

پیمائش میں فرق ______

اسے آپ خود کیجیے اور فرق معلوم کیجیے۔

(B




تمھیں 2 میٹر کی لمبائی تک پہنچنے کے لیے ابھی 45 سینٹی میٹر اور بڑھنا ہے۔

دنیش کی اونچائی کتنے میٹر ہے؟

______ میٹر ______ سینٹی میٹر۔

## مشق کا وقفہ

### 1) الگ الگ ملکوں کا پیسہ (کرنسی)

کیا آپ نے کسی دوسرے ملک میں استعمال ہونے والے نوٹ یا سکّے دیکھے ہیں؟ شیوم بینک کے پاس ایک چارٹ موجود ہے جو یہ بتاتا ہے کہ اگر ہم مختلف ممالک کے پیسے (کرنسی) کو بدلیں تو ہمیں کتنا ہندوستانی روپیہ حاصل ہوگا



| ملک | پیسہ (کرنسی) | ہندوستانی روپے میں بدلے ہوئے |
|---|---|---|
| کوریا | وون | 0.04 |
| سری لنکا | روپیہ (SL) | 0.37 |
| نیپال | روپیہ | 0.63 |
| ہانگ کانگ | ڈالر (HK) | 5.10 |
| جنوبی افریقہ | رینڈ | 5.18 |
| چین | یان | 5.50 |
| متحدہ عرب امارات | درہم | 10.80 |
| ریاست ہائے متحدہ امریکا | ڈالر | 39.70 |
| جرمنی | یورو | 58.30 |
| انگلینڈ | پاؤنڈ | 77.76 |

(یہ 15 فروری 2008 کی قیمت ہے)

A) کون سے ملک کا پیسہ (کرنسی) ہندوستانی روپے میں سب سے زیادہ ہے؟

B) متھن کے چاچا نے امریکہ سے اسے تحفہ کے طور پر 10 امریکی ڈالر بھیجے۔ متھن نے اسکول کے سفر میں 350 روپے استعمال کیے۔ اس کے پاس کتنی رقم باقی بچی؟



بچوں سے یہ توقع نہیں ہے کہ وہ اعشاریہ والی لمبی ضرب کر سکیں گے۔ اس کے بجائے کرنسی کے بارے میں سوچنے میں ان کی ہمت افزائی کیجیے۔ مثال کے طور پر 75 پیسہ × 2 کو 50 پیسے کے دو سکّے اور 25 پیسے کے دو سکّے کی شکل میں بھی سوچا جا سکتا ہے۔



© NCERT not to be republished

C) مجید کے والد سعودی عرب میں ملازم ہیں۔ اُن کی تنخواہ 1000 سعودی ریال ہے۔ ارون کے والد سری لنکا میں ملازم ہیں اور ان کی تنخواہ 2000 سری لنکائی روپیہ ہے۔ کس کی تنخواہ ہندوستانی روپیوں میں زیادہ ہے؟

D) لینا کی چچی جان اس کے لیے چین سے ایک تحفہ لائی ہیں۔ اس کی قیمت 30 یان ہے۔ اس کی قیمت ہندوستانی روپیوں میں معلوم کیجیے۔



E) آستھا کچھ ہانگ کانگ ڈالر اور وون چاہتی ہے۔

1) اسے 4 روپیے کے بدلے کتنے وون ملیں گے؟ اور 400 روپیے کے کتنے؟

2) وہ 508 روپیے کے بدلے کتنے ہانگ کانگ کے ڈالر حاصل کرسکتی ہے؟

2) کرن 200 روپیے لے کر خریداری کرنے گئی۔ بل پر غور کیجیے۔ دوکاندار قیمتوں میں اعشاریہ لگانا بھول گیا ہے۔ اعشاریہ کو صحیح جگہ پر رکھیے اور بل کی کل رقم معلوم کیجیے۔

| اشیا | مقدار | قیمت (روپیوں میں) |
|---|---|---|
| صابن | 1 | 1250 |
| ہرا چنا | 1 کلوگرام | 5025 |
| چائے کی پتی | 250 گرام | 2725 |
| ناریل کا تیل | 1 لیٹر | 6000 |
| | کل میزان | ____________ |




3) کون سا شہر ٹھنڈا ہے؟




بچوں میں اخباروں میں اور ٹیلی ویژن پر مختلف شہروں کا درجۂ حرارت (ڈگری سیلسیس میں) دیکھنے کی حوصلہ افزائی کی جانی چاہیے۔ سب سے زیادہ اور سب سے کم الفاظ کا استعمال کیے بغیر یہ مشق انھیں درجہ حرارت کو دن میں دو مختلف اوقات میں ناپنے کا تصور پیدا کرتی ہے۔ یہاں صرف اعشاریہ کا استعمال کرکے سادہ تفریق کا استعمال کیا گیا ہے۔ بچے مختلف ممالک اور ان کے دارالسلطنت شہروں کے نام سے بھی روشناس ہو جائیں گے اور اسی طرح کی مشقیں وہ دوسرے ممالک کے دارالسلطنت شہروں کے بارے میں بھی کرسکتے ہیں۔

ان شہروں کا درجۂ حرارت 16 جنوری 2008 کو شام کے 3 بجے درج کیا گیا تھا۔




1) شام کو 3 بجے کس شہر کا درجۂ حرارت سب سے زیادہ تھا؟ اس وقت کون سی جگہ سب سے ٹھنڈی ہے؟

2) سری نگر سے ممبئی کا درجۂ حرارت کتنا زیادہ ہے؟

3) تروننت پورم میں درجۂ حرارت 40° ڈگری سیلسیس پہنچنے کے لیے اور کتنے ڈگری درجۂ حرارت بڑھنے کی ضرورت ہے؟

4) کولکاتہ کا درجۂ حرارت چنئی سے کتنا کم ہے۔

5) اسی دن ان شہروں کا درجۂ حرارت صبح کو 3 بجے بھی نوٹ کیا گیا تھا۔ جدول پر غور کیجیے اور سوالوں کے جواب دیجیے۔

| شہر | صبح 3 بجے کا درجۂ حرارت |
|---|---|
| چنئی | 21.1 |
| ممبئی | 19.0 |
| تروننت پورم | 21.6 |
| کولکاتہ | 13.1 |
| بھوپال | 9.8 |
| سری نگر | 1.3 |
| گوہاٹی | 12.8 |
| جے پور | 10.2 |

a) کس جگہ کا درجۂ حرارت صبح کے 3 بجے سب سے کم تھا؟ تصور کیجیے کہ آپ وہاں موجود ہیں تو بتائیے آپ کیسا محسوس کریں گے۔

b) چنئی میں صبح 3 بجے اور شام کے 3 بجے درجۂ حرارت میں کیا فرق ہے؟ بھوپال میں کیا فرق ہے؟



© NCERT not to be republished